درسی کتاب

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور ناقابل فروخت ہے

# ریاضی پرائمر

تجرباتی ایڈیشن

یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق

ایک قوم ایک نصاب




حکومت بلوچستان کا پروگرام "معیاری تعلیم سب کے لیے"

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ

CS CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

درسی کتاب

# ریاضی پرائمر

یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق

ایک قوم ایک نصاب

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور نا قابل فروخت ہے

پبلشر

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ

# اپیل

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ منظور شدہ نصاب کی روشنی میں درسی کتب کی اشاعت کو یقینی بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ یہ درسی کتب ماہرین تعلیم، محققین اور ماہرین مضمون کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ تاہم ہماری مسلسل کوششوں کے باوجود ممکنہ یا غیر ارادی غلطیوں کو رد نہیں کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ معیاری درسی کتب کی تیاری اور بہتری کے عمل میں اصلاح کی گنجائش ہر وقت رہتی ہے۔

لہذا درسی کتب کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام بلاواسطہ یا بالواسطہ شرکاء جیسے طلباء، والدین، اساتذہ اور معاشرے کے نمائندگان کی (Feedback) کے حصول کے لیے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے باقاعدہ (Feedback and Review Mechanism) قائم کیا ہے۔ جس کے ذریعے تمام آراء و تجاویز کو ٹیکسٹ بک بورڈ کے حال ہی میں قائم کردہ تحقیقی مرکز کو ارسال کیا جائے گا تاکہ تحقیقی مرکز میں موجود ماہرین ان کا تجزیہ کر کے انہیں درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری لانے کے لیے استعمال کر سکیں۔

ہمیں قوی امید ہے کہ مذکورہ تحقیق پر مبنی تجزیہ کے ذریعے درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری آئے گی۔ مطلوبہ (Feedback) مندرجہ ذیل طریقوں سے دی جا سکتی ہے۔ درسی کتب کی سکولوں میں ترسیل کے بارے میں بھی آگاہ کیا جا سکتا ہے۔

1- ویب سائٹ: www.btbb.com.pk
2- آفیشل ایپ: "btbb official"
3- ای میل: btbb_quetta@yahoo.com
4- فون: 081-2470501-2470503

ڈاکٹر گلاب خان خلجی
چیئرمین
بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ۔


محکمہ تعلیم
حکومت بلوچستان
کا تعلیمی نظام سے
متعلق شکایات
کے ازالے کا نظام



www.emis.gob.pk
Performance Management System

081 111 098 765

# جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق اور قومی نظرِ ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں۔ منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ لیٹر نمبر: SO (Acad:) 2-1/2021/2289-93 مورخہ 4 اکتوبر 2021ء این او سی نمبر 35-32/CB مورخہ 17 / 12 / 2021 دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان، کوئٹہ۔ یہ درسی کتاب بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ نے سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس کے لیے طبع کی ہے۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔



## زیرِ نگرانی

**محمد رفیق طاہر**

(جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر)

قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارتِ تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

## مصنفین

عروج ملک، شافیہ رفیق، حمیرا لطیف

## اراکین جائزہ کمیٹی

۱۔ فریدہ صادق (پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ)

۲۔ رفیعہ ناز جدون (نظامت نصاب و تعلیم واساتذہ خیبر پختونخواہ ایبٹ آباد)

۳۔ فہمیدہ علی (بلوچستان بیورو آف کریکولم)

۴۔ آمنہ طارق (ایف ڈی ای، اسلام آباد)

۵۔ عدیلہ ستار (ایف جی ای آئی کینٹ گیریژن)

۶۔ ملکہ سلطانہ (گلگت بلتستان)

۷۔ یاسمین محبوب (آغا خان ایجوکیشن سروس)

۸۔ خدیجہ خان (پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈہڈ)

۹۔ ثمینہ غفور (پرائیویٹ اسکول اسلام آباد)

تکنیکی معاونت:

نگہت لون، اسفندیار خان، جعفر خان ترین

## صوبائی جائزہ کمیٹی

فہمیدہ علی (سینئر سبجیکٹ سپیشلسٹ، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، ڈاکٹر نذیر جوگیزئی (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، محمد اکرم خان، (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، ثاقبہ احمد زئی (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ)، سارون کمار (ماہر مضمون، ادارہ نصابیات کوئٹہ

ڈیسک آفیسر:

روبینہ کوثر (قومی نصاب کونسل)

کمپوزنگ، ڈیزائننگ اینڈ لے آؤٹ:

فضیلت شاہ، مدثر شیخ

ڈیزائن اور السٹریشن (نیشنل کالج آف آرٹس):

محمد ذیشان یونس، عثمان حیدر، محمد عمر، فاطمہ نعیم، منائل فاطمہ، حلیمہ سعدیہ، انیزہ مقصود، جویریہ منیر، آمنہ ایاز، زینب ندیم، مہر بتول



نگرانِ طباعت:۔ عبید اللہ میروانی (ماہر مضمون)

پرنٹر: ٹاپ ماؤنٹین پرنٹرز اینڈ پبلشرز لاہور



# ہدایات برائے اساتذہ

'ابتدائی ریاضی' چار سے پانچ سال کے بچوں کیلئے ترتیب دی گئی ہے۔ کیونکہ اس عمر کے بچوں کی فہم وادراک کی صلاحتیں عروج پر ہوتی ہیں۔ جنھیں جِلا بخشنا والدین اور اساتذہ کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ کتاب سے بھرپور استفادے کیلئے اِساتذہ سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل نکات کو مدنظر رکھیں۔

- اِساتذہ بچوں کو گرم جوشی سے استقبال کریں۔
- کمرۂ جماعت میں ایک کونہ مختص کریں جہاں کم اور بغیر خرچ والی تدریسی معاونات رکھیں مثلاً پرانے اخبار، گتے سے بنے فلیش کارڈ (Flash Card)، ریت کے ڈبے اور پلے ڈو وغیرہ (پلے ڈو خود بھی بنائی جاسکتی ہیں)۔ 'ابتدائی ریاضی' کے ہندسوں کا تعارف کرانے سے پہلے سننے اور بولنے کی مہارتوں کی نشو ونما ضروری ہے۔

**سُننا:** غور سے، سننے اور سمجھنے کی مہارت کیلئے مختلف سرگرمیاں ترتیب دینے کے ساتھ ساتھ کہانیاں اور نظمیں دی گئی ہیں ان کے بارے میں تبادلہ خیال اور پیش گوئی مثلاً آگے کیا ہوگا؟ ان کے فہم وادراک میں اضافہ کریں گے۔

**بولنا:** کسی بھی چیز، واقعہ، منظر کے بارے میں بول سکیں۔ اس مقصد کے لئے کتاب میں موجود تصور کرنا، جائزہ لینا وغیرہ جیسی سرگرمیاں موجود ہیں۔ انگلیوں اور ہاتھ کے استعمال کیلئے Fine Motor Skills، بازو اور جسم کیلئے Gross Motor Skills سے اُبھارنا ضروری ہے۔ ماہرین نے کچھ مشقیں تجویز کی ہیں جنھیں EPL یعنی Exercise of Practical Life کہا جاتا ہے۔ یہ سرگرمیاں تین سے پانچ سال کے بچے کو لکھائی شروع کروانے سے پہلے کرائی جاتی ہیں تاکہ وہ پنسل کو مہارت سے پکڑ سکے۔

## ہندسہ سکھانے کا طریقہ:

پرائمری قاعدے کے ذریعے سے ہم معلوم سے نامعلوم کی طرف پیش قدمی کرتے ہیں۔ تصویر بچے کے لئے معلوم ہے جب کہ نمبر اور اس کی تعداد نامعلوم ہیں۔

۱۔ نام بتانا (Naming)　　۲۔ پہچاننا (Recognition)　　۳۔ یاد کرنا (Remembering)

نمبر کی تدریس کی عملی صورت یوں ہوگی۔ بچوں سے نمبر ایک کی تصویر کی پہچان کرانے کے بعد اس کا نام بلوائیں '1'۔ اب اس نمبر سے متعلقہ تعداد کی اشیاء دکھائیں۔ جیسے ایک پنسل۔ بچوں کو کارڈ دکھا کر نمبر کا نام پوچھیں۔ اسی طرح ایک، دو، اور تین کا کارڈ میز پر رکھیں اور پوچھیں کہ ایک کا کارڈ کون سا ہے۔ آخر میں بچوں سے نمبر اور اس کی مطلوبہ تعداد کی پہچان اور شناخت کروائیں جو بچے خود سے کریں گے۔

## ہندسوں کی آواز کی پہچان اور سکھانے کا طریقہ:

سب سے پہلے ہندسے کا تعارف کرائے اور اس ہندسے کے مطابق تعداد کو سمجھنے کی مشق کرائیں اور ہندسے کا نام اور بصری پہچان کرائیں۔ مثلاً

پہچان کرائیں اور تعداد کے مطابق اشیاء دکھائیں۔ ہندسے کا تعارف کرائیں۔ بچوں سے اُنگلی سے ہندسہ لکھنے کی مشق ہوا میں، ریت پر اور زمین پر کرائیں ۔ کتاب کے صفحے کو بغور دیکھنے کا موقع اور وقت دیں۔ صفحے پر موجود تصویر منظر اور کرداروں کے بارے میں گفتگو اور سوالات کریں۔ مثلاً کیسا منظر ہے؟ کون کون نظر آرہا ہے؟ کیا ہو رہا ہے؟ وغیرہ۔ ایسے سوالات مشاہدے کی صلاحیت کو بڑھائیں گے۔

- بچوں کو صبح کی ملاقات میں گرم جوشی سے خوش آمدید کرکے غیر رسمی بات اور حال احوال پوچھنے سے دن کا آغاز کریں۔ بچوں کو سبق شروع کروانے سے پہلے جھجک (آئس بریکنگ) سرگرمیاں کروائیں تاکہ بچوں کی سبق میں دلچسپی بڑھے۔ بچوں سے موسم کا حال، دن اور تاریخ پوچھیں۔ گوشہ ٹائم میں مختلف تصورات کھیل کھیل میں سمجھائیں۔ بچوں کو بولنے کا اور اپنی بات کہنے کا موقع دیں۔ بچوں کو ہندسوں کی دہرائی تختی، سلیٹ یا ورک شیٹ پر کروائیں۔ ہندسے کے مطابق بنے ہوئے خاکوں میں رنگ بھروائیں۔ بورڈ پر خاکہ بنا کر خود رنگ بھر کر دکھائیں اور پھر بچوں سے کتاب پر کروائیں۔ بچوں کی درست سمت میں رنگ بھروانے میں رہنمائی کریں۔ کتاب میں دی گئی عملی سرگرمیاں یقینی بنائیں اور مزید سرگرمیاں ترتیب دیں۔ کچھ سرگرمیوں کیلئے پہلے سے تیاری کرنی لازمی ہوگی۔

## کمرۂ جماعت کی ترتیب:

1. کمرۂ جماعت کو بچوں کی تعلیمی استعداد اور سرگرمیوں کے مطابق تیار کریں استاد کسی بھی ہندسے کو نظم اور کہانی کے ذریعے پڑھا سکتا ہے۔ بچوں کو روزانہ دماغی ریاضی کی مشق تین سے پانچ منٹ کے لیے کروائیں جیسے اندازہ لگانا کہ کیا کم کیا زیادہ ہے وغیرہ۔
2. ریاضی کے ہندسوں کا تعارف کرانے کے لیے نمبر چارٹ کمرۂ جماعت میں لگائیں اور زبانی گنتی کی مشق روزانہ کروائیں۔
3. بچوں کو مختلف اشیاء کے رنگ، وزن، ناپ، لمبائی، موٹائی حجم کے لحاظ سے موازنہ کرائیں اور ترتیب وار رکھوائیں۔ بچوں کو آسان تصورات سے مشکل کی طرف لے جائیں تاکہ بچے آرام سے سیکھ پائیں۔
4. درجہ بندی میں مہارت دینے کیلئے بچوں سے مختلف اشیاء کی درجہ بندی کروائیں جیسے چھوٹے، بڑے اور درمیانے سائز کے بٹن اور چھوٹا، بڑا، سب سے بڑا بٹن۔
5. بچوں میں مشاہداتی مہارت اُبھارنے اور تحقیق کی روش پیدا کرنے کے لیے ایسی سرگرمیاں کروائیں مثلاً مختلف برتنوں میں پانی ڈلوا کر موازنہ کریں کہ کس برتن میں کتنا پانی ہے۔
6. بچوں سے مختلف چیزوں کا موازنہ کروائیں جیسے کہ لمبا اور چھوٹا، چھوٹا اور بڑا، ہلکا اور بھاری۔
7. بچوں سے ہاتھ اور پاؤں سے گنتی کروائیں۔ قدم گن کر بچوں سے کمرۂ جماعت کی پہچان کروائیں۔
8. بچوں کو اردگرد کے ماحول کا تقابلی جائزہ کروائیں اور دیکھیں کہ ماحول میں وہ کون کون سی اشکال اور رنگ تلاش کر سکتے ہیں۔
9. بچوں کو بار بار مشق اور تکرار کروائیں جو بھی نیا تصور دیں۔ کمرۂ جماعت میں آنے والے سبق سے متعلق چیزیں آویزاں کریں۔
10. بچوں کو مختلف سرگرمیوں کی مدد سے تصور سمجھائیں مثلاً کچھ بچے بصری طریقے (Visual) سے، کچھ چیزوں کو چھو کر (Tactile)،

اور کچھ بچے سمعی طریقے (Auditory) سے سیکھتے ہیں۔ تاکہ ہر بچے کو سیکھنے کا موقع ملے۔

11. بچوں کو کھیل کے ذریعے سکھائیں جیسے پاسنگ دا پارسل (Passing the parcel)، میوزیکل چیئر (Musical chair)، ریس (Races)، چھلانگ لگانا (jumping)، رسی کودنا (skipping) وغیرہ۔

12. بچوں کی مدد سے جماعت کے اصول مرتب کریں جیسے قطار بنانا (Line up) کب کرنا ہے۔ اختتام کا وقت (Wind up) کے وقت کیا کرنا ہے۔ باری کا انتظار کرنا، چیزیں استعمال کر کے واپس رکھیں وغیرہ۔

13. جہاں جہاں کتاب میں والدین کے لیے رہنمائی اور شمولیت کا ذکر ہے استاد بچوں کو اچھی طرح سے سمجھائے اور **والدین کے ساتھ رابطے میں رہ کر اُن کی شمولیت کو یقینی بنائے۔**

14. بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ جو تصور سمجھ نہ آئے وہ بار بار پوچھیں۔ بچوں کے سوال پوچھنے پر خوشی کا اظہار کریں تاکہ اُن میں خود اعتمادی پیدا ہو۔

15. بچوں کو ریاضی کے تصورات سمجھانے کے لیے ہاتھ سے بنی ہوئی چھوٹی ریاضی کی کتابیں خود بنا کر لائبریری گوشہ بنائیں جیسے اشکال کی کتاب رنگوں کی کتاب وغیرہ۔ یہ تمام کتابیں خالی ڈبے کو سجا کر کے بھی رکھی جا سکتیں ہیں۔ جب بچے کام سے فارغ ہو جائیں تو یہ کتابیں پڑھ لیں۔ بچوں کو سکھائیں کہ کتابوں کی دیکھ بھال کیسے کرتے ہیں اور صفحہ کیسے پلٹتے ہیں۔

16. بچوں کو ریت (سینڈ ٹرے) اور سینڈ نمبر کے ذریعے ہندسوں کی پہچان کرائیں۔ جماعت میں ریاضی کے گوشے میں نمبر فلیش کارڈز، سینڈ ٹرے، سینڈ نمبر رکھیں اور کھیل کھیل میں سیکھنے کا موقع دیں۔

17. استاد نے تدریسی مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سبق میں موجود علامات اور اہم نکات پر بات چیت کر کے بچوں کو مزید سیکھنے کے مواقع اور معلومات فراہم کرنی ہیں۔

18. بچوں کو درست طریقے سے چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے اور لکھنے کی عملی مشق کروائیں۔ اور اسے بار بار دوہرائیں۔

19. بچوں کو ترغیب دیں کہ آپس میں مل جل کر کام کریں۔ گروہ (Group work) اور جوڑوں (Pair work) کروائیں۔

20. بچوں میں دوسرے بچوں کے لئے احساس اور ہمدردی کا جذبہ پیدا کریں مثلاً نرمی سے بات کریں، لڑائی نہ کریں، کسی کا مذاق نہ اڑائیں (No bullying)، بڑوں کی بات مانیں اور پیار محبت سے مل کر رہیں۔ ایک دوسرے کی مدد کریں استعمال کی چیزیں شیئر کریں۔

21. کردار سازی پر اساتذہ خصوصی توجہ دیں۔

22. اسکول انتظامیہ اور اساتذہ کمرۂ جماعت میں مختلف استعداد (Differently-abled) بچوں کے سیکھنے کی ضروریات کا خاص خیال رکھیں۔

23. اسکول انتظامیہ اور اساتذہ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ خصوصی بچوں (Disabilities/Minor Disabilities) کی ضروریات کس طرح ممکن بنائی جاسکتی ہیں۔





# علامات



ہدایات برائے اساتذہ



اخلاقیات



حفاظت



حُبّ الوطنی



تجزیہ کاری



سرگرمی



ہدایات
برائے والدین



تصور



نظمیں



ٹیکنالوجی



اشکال



کہانی



# فہرست




| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1. | اسکول کا پہلا دن | 1 |
| 2. | میری چیزیں | 2 |
| 3. | ہم مہربان کیسے بن سکتے ہیں؟ | 3 |
| 4. | میں مثبت سوچ رکھتا ہوں | 4 |
| 5. | میری حفاظت | 5 |
| 6. | مسائل کا حل تلاش کریں | 6 |
| 7. | برابری اور شمولیت | 7 |
| 8. | پینسل پھیریں رنگ بھریں | 8 |
| 9. | لال رنگ | 9 |
| 10. | نیلا رنگ | 10 |
| 11. | پیلا رنگ | 11 |
| 12. | شکل مکمل کریں | 12 |
| 13. | نظم | 13 |
| 14. | سبز رنگ | 14 |
| 15. | درخت بنائیں | 15 |
| 16. | نارنجی رنگ جامنی رنگ | 16 |
| 17. | گلابی رنگ کالا رنگ | 17 |
| 18. | بڑا اور چھوٹا | 18-19 |
| 19. | فرق تلاش کریں | 20 |
| 20. | نمونے | 21 |
| 21. | موٹا اور پتلا | 22 - 23 |
| 22. | راستہ تلاش کریں | 24 |
| 23. | لمبا اور چھوٹا | 25 - 26 |
| 24. | لمبا، بہت لمبا، سب سے لمبا | 27 |
| 25. | ہلکا اور بھاری | 28 - 29 |
| 26. | گول شکل | 30 - 31 |
| 27. | ہندسہ 1 | 32 - 34 |
| 28. | ہندسہ 2 | 35 - 37 |
| 29. | ہندسہ 3 | 38 - 40 |
| 30. | مثلث | 41 - 42 |
| 31. | راستہ تلاش کریں | 43 |
| 32. | مربع | 44 - 45 |
| 33. | ہندسہ 4 | 46 - 47 |
| 34. | چوڑا اور تنگ | 49 |
| 35. | ہندسہ 5 | 50 - 52 |
| 36. | تصویر کو بقیہ حصے سے ملائیں | 53 |
| 37. | ہندسوں کی دہرائی | 54 |
| 38. | 1 سے 5 تک الٹی گنتی | 55 |
| 39. | گنتی کر کے تصویر کو ہندسے سے ملایئے | 56 |
| 40. | ہندسہ 6 | 57 - 59 |
| 41. | بیضوی شکل | 60 - 61 |
| 42. | نرم اور سخت | 62 - 63 |
| 43. | ہندسہ 7 | 64 - 66 |
| 44. | سب سے بڑا | 67 |
| 45. | بڑا، درمیانہ، سب سے بڑا | 68 |
| 46. | مستطیل | 69 - 70 |
| 50. | چھوٹا، درمیانہ، سب سے چھوٹا | 71 - 72 |
| 51. | ہندسہ 8 | 73 - 75 |
| 52. | بھرا ہوا اور خالی | 76 |
| 53. | رنگ بھریں | 77 |
| 54. | ہندسہ 9 | 78 - 80 |
| 55. | اکائی کا تعارف | 81 |
| 56. | ہندسہ 0 | 82 - 84 |
| 57. | سب سے ہلکا سب سے بھاری | 85 - 86 |
| 58. | ہندسہ 10 | 87 - 89 |
| 59. | اشکال کی دہرائی | 90 |
| 60. | ہندسوں کی دہرائی | 91 |
| 61. | 1 سے 10 تک خالی جگہ پر کریں | 92 |
| 62. | 10 سے 1 تک الٹی گنتی | 93 |
| 63. | نظم | 94 |



# فہرست




| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 64 | دس کے دوست | 95 |
| 65 | دہائی کا تعارف | 96 |
| 66 | 1 سے 10 تک گنتی | 97 |
| 67 | ہندسہ 11 | 98 |
| 68 | ہندسہ 12 | 99 |
| 69 | ہندسہ 13 | 100 |
| 70 | ہندسہ 14 | 101 |
| 71 | ہندسہ 15 | 102 |
| 72 | ہندسوں کی دہرائی | 103 |
| 73 | 1 سے 15 تک خالی جگہ پر کریں | 104 |
| 74 | گنتی کر کے تصویر کو ہندسے سے ملائیے | 105 |
| 75 | | |
| 76 | ہندسہ 16 | 106 |
| 77 | ہندسہ 17 | 107 |
| 78 | ہندسہ 18 | 108 |
| 79 | ہندسہ 19 | 109 |
| 80 | ہندسہ 20 | 110 |
| 89 | ہندسوں کی دہرائی | 111 |
| 90 | نقطوں کو جوڑ کر گنتی مکمل کریں | 112 |
| 91 | طاق اور جفت اعداد | 113 |
| 92 | طاق اور جفت اعداد کی مشق | 114 |
| 93 | 1 سے 20 تک خالی جگہ پر کریں | 115 |
| 94 | ہندسے 21,22,23 | 116 |
| 95 | ہندسے 24,25,26 | 117 |
| 96 | پیمائش | 118 |
| 97 | پہلے کا ہندسہ | 119 |
| 98 | ہندسے 27,28,29 | 120 |
| 99 | ہندسہ 30 | 121 |
| 100 | گنتی کر کے ہندسے لکھیں | 122 |
| 101 | ہندسے 31,32,33 | 123 |
| 102 | ہندسے 34,35,36 | 124 |
| 103 | کم اور زیادہ | 125 - 126 |
| 104 | ہندسے 37,38,39 | 127 |
| 105 | ہندسہ 40 | 128 |
| 106 | 3-D اشکال | 129 |
| 107 | ہندسوں کی دہرائی | 130 |
| 108 | ہندسے 41,42,43 | 131 |
| 109 | ہندسے 44,45,46 | 132 |
| 110 | سیٹ | 133 |
| 111 | بعد کا ہندسہ | 134 |
| 112 | ہندسے 47,48,49 | 135 |
| 113 | ہندسہ 50 | 136 |
| 114 | اکیس سے پچاس تک خالی جگہ پر کریں | 137 |
| 115 | درمیان کا ہندسہ | 138 |
| 116 | کم اور زیادہ | 139 - 140 |
| 117 | ایک بڑھائیں | 141 |
| 118 | جمع کریں | 142 - 143 |
| 119 | ایک گھٹائیں | 144 |
| 120 | تفریق کریں | 145 - 146 |
| 121 | پیسہ | 147 - 148 |
| 122 | دائیں اور بائیں | 149 |
| 123 | جگہ کا تصور | 150 |
| 124 | نمونے کا تصور | 151 |
| 125 | نقطوں کو جوڑ کر گنتی مکمل کریں | 152 |
| 126 | نمونے کا تصور | 153 |
| 127 | ترتیبی اعداد | 154 |
| 128 | پیمائش | 155 |
| 129 | دن اور رات | 156 |
| 130 | وقت | 157 - 158 |
| 131 | سوال حل کریں | 159 |
| 132 | گراف کا تصور | 160 |
| 133 | ہندسوں کی لکھائی | 161 |
| 134 | کیلنڈر | 162 |




CamScanner

# اسکول کا پہلا دن




- بچوں کی رہنمائی کریں کہ آپس میں دوستی کریں۔
- استاد دی گئی تصویر کی مدد سے بچوں سے کہانی بنوائے اور سوالات پوچھ کر سبق میں دلچسپی پیدا کرے۔
- استاد بچوں سے اپنا تعارف کروائے اور پھر بچوں سے کہے کہ وہ باری باری اپنا تعارف کروائیں۔ ایک دوسرے کو سلام کریں اور خوش آمدید کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اسکول کے پہلے دن کا حال والدین کو سنائیں۔
- بچوں کو اسکول کے مختلف حصوں کا دورہ کروائیں۔ بچوں کے گروہ بنائیں اور کھیل کے میدان میں لے جا کر مل جُل کر کھیلنے کی ترغیب دیں۔
- بچوں سے ہینڈ پرنٹنگ (hand printing) کا کارڈ بنوائیں یا ویلکم ہیڈ بینڈ (welcome head band) بنوائیں۔

# میری چیزیں




- صبح کی ملاقات (Greeting time) میں بچوں کو شیئرنگ (sharing) کا تصور دیں اور بتائیں کہ آج ہم کیا کیا کریں گے۔
- استاد بچوں سے دی گئی تصویر سے متعلق بات چیت کریں۔ بچوں کو اپنی چیزوں کی دیکھ بھال، شیئر کرنا اور خیال رکھنے کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو مختلف کھلونے دیں تاکہ وہ آپس میں مل کر کھیلیں۔

# ہم مہربان کیسے بن سکتے ہیں؟

- دوسروں کے لئے خوش ہونا
- دوسروں سے اچھی باتیں کرنا
- اچھے اخلاق کا استعمال کرنا
- مسکرا کر بات کرنا
- دوسروں کی بات سننا
- دوستوں کی حوصلہ افزائی کرنا
- مل جُل کر کام کرنا
- دوسروں کی دیکھ بھال کرنا
- مدد کرنے کی پیش کش کرنا



دی گئی تصویر میں موجود تمام نکات پر استاد بچوں سے بات چیت کرے اور سوالات پوچھے کہ ہم کس طرح دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کر سکتے ہیں۔

جماعت میں بچوں سے رول پلے کروائیں جس میں بچے مختلف کردار ادا کر کے ایک دوسرے کے ساتھ مہربانی اور اچھا برتاؤ کر کے دکھائیں۔



CamScanner

# میں مثبت سوچ رکھتا / رکھتی ہوں

میں اپنا کام خود کرنے کی کوشش کرتا ہوں

کوئی بات نہیں غلطی ہو جاتی ہے

میری کوشش سے فرق پڑتا ہے



میں ہمیشہ سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں

میں بار بار کوشش سے سیکھتا ہوں

میں اس سے بہتر کر سکتا ہوں

دی گئی تصویر میں موجود تمام نکات پر استاد بچوں سے بات چیت کرے ۔ اور انہیں سمجھائے کہ اگر وہ کوئی کام نہیں کر پاتے ، یا انہیں کسی چیز کی سمجھ نہیں آتی تو بڑوں سے بار بار پوچھیں جب تک سمجھ نہ آ جائے ۔

# میری حفاظت




تصویر میں دیئے گئے نکات پر بچوں سے بات کریں ۔

اس صفحہ پر موجود مشق کو یاد دہانی کے طور پر پورا سال دہرائیں۔

# مسائل کا حل تلاش کرنا

## کوئی پریشانی ہو تو

دعا مانگ سکتے ہیں



ورزش کر سکتے ہیں



ہم آرام کر سکتے ہیں



دس تک گن سکتے ہیں



خوشی کی باتیں کر سکتے ہیں



کھلونوں سے کھیل سکتے ہیں



کتاب پڑھ سکتے ہیں



کسی بڑے سے بات کر سکتے ہیں



تصویر میں دیئے گئے نکات پر بچوں سے بات کریں اور مختلف مثالوں کے ذریعے مسائل کے حل نکلوائیں جیسے بارش ہو تو ہم کیا کرتے ہیں؟
چھتری استعمال کر سکتے ہیں۔
کسی سے لڑائی ہو جائے تو ہم صلح کر سکتے ہیں معافی مانگ سکتے ہیں وغیرہ۔

# برابری اور شمولیت

1

رنگ اور مذہب میں فرق نہ کریں
اپنے خاص دوستوں کا خاص خیال رکھیں
اپنے خاص دوستوں کو ہر سرگرمی کا حصہ بنائیں

2

لڑکے اور لڑکیوں میں فرق نہ کریں
دونوں کو یکساں تعلیم، محبت اور
کامیاب زندگی گزارنے کے مواقعے فراہم کریں

3

امیر اور غریب سب برابر ہیں۔ سب کی عزت کریں
بڑوں اور چھوٹوں کا ادب کریں
جو لوگ آپ کی خدمت کرتے ہیں
ان سے اچھا سلوک کریں



تصویر میں دیے گئے نکات پر بچوں سے بات کریں۔ بچوں کو دوسروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی ترغیب دیں۔

# پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



بچوں کو آبی جانوروں سے متعلق ویڈیو یا فلیش کارڈ دکھائیں اور مختلف مچھلیوں کے نام بتائیں جیسا کہ شارک، وھیل وغیرہ

بچوں کو پرانے اخبار یا سادہ کاغذ پر پنسل سے الٹی سیدھی لکیریں لگوائیں۔

بچوں کو مچھلی کھانے کے فوائد بتائیں۔ بچوں کے ساتھ (مچھلی جل کی رانی ہے) نظم مل کر پڑھیں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور نا قابل فروخت ہے



CamScanner

# Red Colour لال رنگ





پنسل پھیریں اور رنگ بھریں




لال رنگ کی کوئی چیز بنائیں۔

استاد بچوں سے لال رنگ کا پوچھ کر اُن کی سمجھ بُوجھ کا اندازہ لگائے اور بچوں سے کمرۂ جماعت میں موجود لال اشیاء کی نشاندہی کرائے۔

بچوں کو لال گلاب دکھائیں اور اس کی خوشبو کے بارے میں بتائیں۔

بچوں کو لال اشیاء کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

# Blue Colour نیلا رنگ



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



نیلے رنگ کی کوئی چیز بنائیں۔

مختلف نیلی اشیاء جمع کروا کر جماعت میں نیلے رنگ کی اشیاء کا گوشہ بنوائیں۔ بچوں کو نیلی اشیاء کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

# Yellow Colour پیلا رنگ





رنگ بھریں




پیلے رنگ کی کوئی چیز بنائیں۔

استاد بچوں کی پنسل کی پکڑ کا معائنہ کرے اور انداز درست کروائے۔

بچوں سے لیموں پانی بنوائیں اور لیموں کے فوائد بتائیں۔

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور ناقابل فروخت ہے

# شکل مکمل کریں

## پھیریں اور رنگ بھریں



- استاد چکنی مٹی یا پلے ڈو کی مدد سے بچوں سے مختلف اشیاء بنوائے تاکہ لکھائی کے لئے ہاتھوں کی تیاری ہو سکے۔
- بچوں سے پیپر پلیٹ پر پیلی دال چسپاں کروا کر سورج مکھی کا پھول بنوائیں۔



CamScanner

آسمان پہ کالے بادل چھائے

بارش کا موسم ساتھ لائے

خوشی سے جھومے ناچے گائے

سبز مور نے پر پھیلائے

لال، پیلا، نیلا، نارنجی، گلابی

سب ہی رنگ کے پھول لہرائے

بارش ان پہ برستی جائے

کالی رات بھی جلدی آئے

(عروج ملک)
(حمیرا لطیف)
(شافعہ رفیق)

# Green Colour سبز رنگ





پنسل پھیریں اور رنگ بھریں





سبز رنگ کی کوئی چیز بنائیں

مختلف سبز اشیاء کے بارے میں بچوں کو بتائیں جیسے کہ درخت، پودے، پالک، دھنیہ، پودینہ، کھیرا، زیتون وغیرہ۔

بچوں کو پاکستان کے جھنڈے کے رنگوں کے بارے میں بتائیں۔

بچوں کو پیلا اور نیلا رنگ ملا کر سبز رنگ بنانے کا تجربہ کروائیں۔ سبز رنگ کے مختلف شیڈز (ہلکا، گاڑھا) بچوں کو دکھائیں۔

اس سرگرمی کے بعد بچوں کے ہاتھ صابن سے دھلوائیں۔

# درخت بنائیں



بچوں کو درخت لگانے کی افادیت کے بارے میں بتائیں اور اسکول میں شجرکاری کا اہتمام کریں۔

بچوں سے سبز رنگ سے ہاتھ کی چھپائی کروا کے درخت بنوائیں۔
اس سرگرمی کے بعد بچوں کے ہاتھ صابن سے دھلوائیں۔



CamScanner

# نارنجی رنگ

## Orange Colour



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں





# جامنی رنگ

## Purple Colour



پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



بچے اپنی پسند کی کوئی بھی نارنجی چیز جماعت میں لائیں اور اسکے بارے میں بات کریں۔ بچوں کو مالٹا یا نارنجی کھلائیں اور اسکے فائدے بتائیں۔

بچوں سے سادے چارٹ پر جامنی رنگ کی اشیاء بنوائیں اور کمرۂ جماعت میں لگائیں۔

# گلابی رنگ

## Pink Colour





پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



# کالا رنگ

## Black Colour




پنسل پھیریں اور رنگ بھریں





بچوں سے کارڈ بنوائیں (سالگرہ، عید وغیرہ کا)۔
بچوں سے گلابی اور کالے رنگ کی اشیاء کی سرگرمی کا گوشہ بنائیں۔
بچوں سے اُن کے جوتے صاف کرنے کی سرگرمی جماعت میں کروائیں اور انہیں وردی اور جوتوں کو صاف رکھنے کی تلقین کریں۔
سرگرمی کے بعد بچوں کے ہاتھ صابن سے دُھلوائیں۔

# بڑا اور چھوٹا
# Big and Small



بچوں کو مختلف اشیاء جیسے فٹبال اور لیموں ایک جگہ رکھ کر جسامت کا موزانہ کروائیں بچوں کو چھوٹے بڑے کا فرق بتائیں اور بچوں سے ان کی ساخت اور وزن کا فرق پوچھیں۔

بچوں سے سادے کاغذ یا چارٹ پیپر کی چھوٹی کتاب بنوائیں یا مختلف پرانے اخباروں اور رسالوں سے چھوٹی بڑی اشیاء کی تصاویر کی کترنیں منگوا کر کتاب پر چسپاں کروائیں۔ بچوں کو شیر اور چوہے کی دوستی اور مدد کی کہانی سنائیں۔

# بڑا اور چھوٹا

چھوٹی کشتی پر صحیح (✓) کا نشان لگائیں





بڑی موم بتی پر صحیح (✓) کا نشان لگائیں .





استاد بچوں کی رہنمائی کرے کہ دی گئی تصویر پر تنقیدی غور وفکر کر کے مطلوبہ ڈبے میں نشان لگائیں۔



CamScanner

# فرق تلاش کریں

درج ذیل اشیاء میں سے مختلف چیز کے گرد دائرہ لگائیں۔







استاد بچوں کو مختلف اشیاء کی شکل، رنگ، لمبائی، چوڑائی، وزن، ساخت وغیرہ کے بارے میں بتائیں اور مختلف اشیاء کا موازنہ کروائیں۔



CamScanner

# Pattern نمونے







بچوں نے نمونے کو دیکھتے ہوئے خالی ڈبے میں اگلی آنے والی شکل بنانی ہے۔

کمرۂ جماعت میں موجود مختلف اشیاء کے ذریعے بچوں سے نمونے بنانے کی مشق کروائیں۔

# موٹا اور پتلا
# Thick and Thin





بچوں کو روزمرہ کی زندگی سے مثالیں دے کر موٹے پتلے کا تصور سمجھائیں۔

کمرۂ جماعت میں موجود موٹی اور پتلی اشیاء کا موازنہ کروائیں۔

بچوں سے شربت کی چھوٹی، بڑی، موٹی، پتلی اور خالی بوتلیں منگوا کر ان پر پینٹ کروائیں۔

# موٹا اور پتلا

موٹی چیز پر صحیح (✓) کا نشان لگائیں



پتلی چیز پر صحیح (✓) کا نشان لگائیں



استاد بچوں کی رہنمائی کرے کہ کتاب میں دی گئی تصویر پر تنقیدی غور و فکر کر کے مطلوبہ ڈبے میں نشان لگائیں۔

# راستہ تلاش کریں




راستہ تلاش کریں اور پرندے کو اس کے گھر تک پہنچائیں۔

بچوں کو کمرۂ جماعت سے اسکول کے کسی حصے جیسے لائبریری یا کمپیوٹر روم تک کا راستہ تلاش کرنے کی عملی مشق کروائیں۔

# لمبا اور چھوٹا
# Long and Short





بچوں سے کہیں کہ وہ تصویر میں موجود لمبی اور چھوٹی چیزوں کی نشاندہی کریں۔ استاد کمرۂ جماعت میں موجود لمبی اور چھوٹی چیزوں کا موازنہ کروائیں۔

بچوں سے سادہ کاغذ پر لمبی اور چھوٹی چیزیں بنوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اپنے ہاتھ کو دیکھ کر بتائیں کہ کون سی انگلی چھوٹی ہے اور کون سی لمبی ہے۔



CamScanner

# لمبا اور چھوٹا

چھوٹی چیز پر دائرہ لگائیں





لمبی چیز پر دائرہ لگائیں





صفحے پر موجود تصاویر کی لمبائی کا تقابلی جائزہ بچوں سے کروائیں اور روزمرہ زندگی سے مثالیں دیں۔

بچے کے اردگرد موجود چیزوں کا موازنہ کروائیں۔ بچوں کے قد کی پیمائش اسکول میں کروائیں۔



CS CamScanner



# لمبا، بہت لمبا، سب سے لمبا

# Tall, Taller, Tallest



سب سے لمبے زرافے پر دائرہ لگائیں



لمبے درخت پر دائرہ لگائیں



درمیانی سیڑھی پر دائرہ لگائیں



بچوں کو اون کی ڈوری مختلف سائز میں کاٹ کر دیں۔
چھوٹی ڈوری، درمیانی ڈوری، لمبی اور بہت لمبی ڈوری۔ بچوں سے ڈوری کے سائز کا موازنہ کروائیں۔
بچوں کو چھوٹی لمبی پنسلیں دے کر لمبائی کے حساب سے ترتیب وار رکھوائیں۔ (چھوٹی سے)

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال
2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور ناقابل فروخت ہے

# ہلکا اور بھاری
# Heavy and Light



- بچوں سے کمرۂ جماعت میں ہلکی اور بھاری چیزیں اٹھانے کا تجربہ کروائیں۔ مثلاً بیگ۔ لنچ باکس وغیرہ۔
- بچوں کو روزمرہ زندگی سے بھاری اور ہلکی اشیاء کی مثالیں پوچھیں۔ مثلاً (گاڑی۔ الماری۔ کپڑے وغیرہ)

# ہلکا اور بھاری

ہلکی چیز میں رنگ بھریں





بھاری چیز میں رنگ بھریں





استاد بچوں کو مختلف اشیاء کی شکل، رنگ، لمبائی، چوڑائی، وزن، ساخت وغیرہ کے بارے میں بتائیں اور مختلف اشیاء کا موازنہ کروائیں۔

# Shape شکل

## Circle گول











- تصویر میں موجود اشیاء کے نام بچوں سے پوچھیں ۔
- بچوں کو گول شکل کی پہچان روزمرہ زندگی کی مثالیں دے کر کروائیں جیسے کہ گھڑی، روٹی وغیرہ۔
- بچوں کو مختلف اشکال کے جوڑے رنگ دار کاغذ پر کاٹ کر ایک ٹوکری میں ملا کر دیں اور کہیں گول شکل کا جوڑا تلاش کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ گول شکل کا کوئی کونا نہیں ہوتا۔

## پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



## گول کو ہم شکل تصویروں سے ملائیں











- بچوں سے تصویر پر پنسل پھروا کر رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو باغیچے کی سیر کروائیں اور گول اشیاء کی نشاندہی کروائیں۔

# 1



ایک تھی بلی بھولی بھالی
نیلی نیلی آنکھوں والی
بال تھے اس کے بہت نرم
پیتی تھی وہ دودھ گرم

بلی ایک پالتو جانور ہے۔





- اپنے ایک پسندیدہ کھلونے کا نام بتائیں۔

بچوں سے دی گئی تصویر کے متعلق بات چیت کریں اور سوالات پوچھیں کہ بلی کا رنگ کیسا ہے؟
تصویر میں کتنی بلیاں ہیں؟ آپ کے پاس کونسا پالتو جانور ہے؟
ہندسہ "1" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔

استاد مختلف اشیاء کی تصاویر بچوں کو بورڈ پر بنا کر دکھائیں مثلاً ایک قلم، ایک سورج، ایک کتاب۔
بچوں کو ایک کا ہندسہ لکھ کر یا سینڈ نمبر کارڈ (sand number card) پر انگلی پھروا کر ہندسہ ایک کی پہچان کروائیں۔

# ہندسوں کا کھیل

"1" پر دائرہ لگائیں

1 3 0
1 2 1
0 1 2

## پنسل پھیریں



## لکھائی کریں

ہندسہ "1" کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ / تختی پر کروائیں۔

## لکھیں اور رنگ بھریں



# ایک
# one



## پنسل پھیریں



بورڈ پر "۱" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھیروائیں۔

بچوں کو ہندسہ "۱" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی / play dough پر کروائیں۔

# 2



سالگرہ پہ دوست آئے
دو تحفے بھی ساتھ لائے
مل کر ہم نے کھیل کھیلے
ہلا، گلا، شغل اور میلے

تحفے دینا سنت ہے اور اچھی بات ہے۔
اور اس سے پیار، محبت بڑھتا ہے۔



تصویر میں کتنے تحفے ہیں؟

- بچوں سے دی گئی تصویر کے متعلق بات چیت کریں اور سوالات پوچھیں۔
- ہندسہ "2" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔
- بورڈ پر "2" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھروائیں۔



# ہندسوں کا کھیل

**"2" پر دائرہ لگائیں**

| | | |
|---|---|---|
| 2 | 3 | 0 |
| 3 | 2 | 5 |
| 0 | 1 | 2 |



## پنسل پھیریں





## لکھائی کریں



ہندسہ 2 کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ / تختی پر کروائیں۔ بچوں سے دو بار تالی بجوائیں۔

# 2

## لکھیں اور رنگ بھریں

## پنسل پھیریں





**2**

two — دو

دو چیزوں کی تصویر بنائیں



بورڈ پر "2" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھیروائیں۔
بچوں کو ہندسہ "2" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی / play dough پر کروائیں۔

دی گئی تصویروں میں بچوں سے ان کی مرضی کے رنگ بھروائیں۔

# 3

تین تھے گھوڑے بڑے وفادار
مالک ہوئے ان پہ سوار
بڑی تیز تھی ان کی رفتار
سب کو پہنچایا سڑک کے پار

گھوڑا وفادار جانور ہے۔



- تصویر میں کتنے گھوڑے ہیں؟

تصویر میں کل کتنے گھوڑے ہیں؟

ہندسہ "3" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔
بورڈ پر "3" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھروائیں۔

# 3

# ہندسوں کا کھیل

"3" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| 2 | 3 | 0 |
| 5 | 2 | 4 |
| 4 | 0 | 3 |

## پنسل پھیریں



## لکھائی کریں



ہندسہ "3" کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ / تختی پر کروائیں۔



CamScanner

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جا رہی ہے اور ناقابل فروخت ہے



## لکھیں اور رنگ بھریں

## پنسل پھیریں





three

تین

تین چیزوں کی تصویر بنائیں

بورڈ پر "3" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھیروائیں۔

بچوں کو ہندسہ "3" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی / play dough پر کروائیں۔

دی گئی تصویروں میں بچوں سے ان کی مرضی کے رنگ بھروائیں۔

# Shape شکل

## triangle مثلث











بچوں کو مثلث کی پہچان روزمرہ زندگی کی مثالوں سے کروائیں۔ جیسے پہاڑ، پیزا کا ٹکڑا وغیرہ۔
بچوں کو چارٹ پیپر پر بڑی مثلث کاٹ کر اس کے کونے گنوائیں۔

بچوں سے آئس کریم کی ڈنڈیاں، ماچس کی تیلیاں یا اسٹرا جڑوا کر مثلث بنوائیں۔ بچوں کو مثلث اور دائرہ کا فرق بتائیں کہ دائرے میں کوئی کونا نہیں ہوتا جبکہ مثلث میں تین کونے ہوتے ہیں۔

## پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



دی گئی تصویر میں مثلث پر پنسل پھیریں اور رنگ بھریں۔

کمرۂ جماعت میں موجود مثلث شکل کی اشیاء کی نشاندہی کروائیں جیسے تکون سینڈوچ، تکون ڈبہ وغیرہ۔

زمین پر تکون اور دائرہ بنا کر بچوں سے تکون پر چھلانگ لگوائیں۔



CamScanner

# راستہ تلاش کریں




بچوں سے تنقیدی غور و فکر کروائیں کہ راستہ خود تلاش کریں۔

استاد بچوں کو آغاز اور اختتام کا تصور سمجھانے کے لئے میدان میں دوڑ لگوائے۔

والدین سے کہیں کہ بچوں کو گھر کا پتہ اور فون نمبر زبانی یاد کروائیں۔



CamScanner

# Shape شکل

## square مربع











بچوں کو مربع کی پہچان روزمرہ زندگی کی مثالوں سے کروائیں۔ جیسے میز، ڈبل روٹی کا پیس، کھڑکی وغیرہ۔

بچوں کو بتائیں کہ مربع شکل کے چار برابر کونے ہوتے ہیں۔ بورڈ پر مربع شکل بنا کر بچوں کو باری باری بلوا کر کونے گنوائیں۔

بچوں سے چار برابر سائز کی پنسلوں کو جوڑ کر مربع شکل بنوائیں۔



CamScanner

## پنسل پھیریں اور رنگ بھریں





بچوں سے پوچھیں تصویر میں کتنے مربع ڈبے ہیں گن کے بتائیں۔ بچوں سے پوچھیں تصویر میں دائرہ شکل کہاں ہے اور کتنی بار آئی ہے گنتی کریں۔

بچوں سے خالی ڈبہ منگوا کر گفٹ پیک کروائیں۔



CamScanner

# 4

چار تھے دوست بڑے اچھے
مل کر جو وہ ہوئے کھڑے
پھر بنا جو پیارا پاکستان
اس میں ہے ہم سب کی جان





- بچوں سے دی گئی تصویر کے متعلق بات چیت کریں اور سوالات پوچھیں۔
  ہندسہ "4" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔
- بچوں کو پاکستان کے صوبوں کے بارے میں معلومات دیں اور اس کے متعلق ویڈیو دکھائیں۔
- بچوں میں جذبہ حُبّ الوطنی کو ابھاریں۔ بچوں سے کہیں مل کر قومی نغمہ گائیں۔
- بچوں سے گاڑی کے کٹ آؤٹ پر کاغذ کے "4" پہیے چسپاں کروائیں۔

?
گاڑی کے کتنے پہیے ہوتے ہیں؟

# ہندسوں کا کھیل



## پنسل پھیریں



”۴“ پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| 2 | ۴ | 0 |
| 5 | 2 | ۴ |
| ۴ | 3 | 1 |

## لکھائی کریں



ہندسہ ”۴“ کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ / تختی پر کروائیں۔



## لکھیں اور رنگ بھریں



four

چار

چار چیزوں کی تصویر بنائیں

## پنسل پھیریں



بورڈ پر "۴" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھیروائیں۔

بچوں کو ہندسہ "۴" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی / play dough پر کروائیں۔

دی گئی تصویروں میں بچوں سے ان کی مرضی کے رنگ بھروائیں۔

# چوڑا اور تنگ
# Wide and Narrow



بچوں کو کمرۂ جماعت کے دروازے اور کھڑکی کا موازنہ کروائیں اور چوڑے اور تنگ کا فرق بتائیں۔

بچوں کے سامنے ایک کھانے کا ڈبہ یا پنسل باکس اور پانی کی بوتل رکھیں۔ کھانے کے ڈبے یا پنسل باکس اور پانی کی بوتل کو باری باری کھولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کس کا منہ تنگ اور کس کا چوڑا ہے۔

بچوں سے سادہ کاغذ پر چوڑے اور تنگ اشیاء کی تصویر بنوائیں اور رنگ بھروا کر کمرۂ جماعت میں چسپاں کریں۔

# 5

پانچ تھے بچے بڑے سمجھدار
کھیل میں رہتے تھے ہوشیار
تیزی، طاقت ان میں آئی
ورزش نے جو صحت بنائی



بچوں سے دی گئی تصویر کے متعلق بات چیت کریں اور سوالات پوچھیں۔ بچوں کو مختلف گھر کے اندر اور باہر کھیلے جانے والے کھیلوں کے متعلق معلومات دیں جیسے کرکٹ، لڈو، چھپن چھپائی، کھوکھو، باسکٹ بال وغیرہ۔

ہندسہ "5" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔

؟

تصویر میں کتنے بچے ہیں؟

# 5 ہندسوں کا کھیل

"5" پر دائرہ لگائیں

2 3 0

5 2 6

4 6 3

پنسل پھیریں



لکھائی کریں

5 5 5 5

5 5 5 5

ہندسہ "5" کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ / تختی پر کروائیں۔

# 5

## لکھیں اور رنگ بھریں



پانچ

five

پانچ چیزوں کی تصویر بنائیں

## پنسل پھیریں



بورڈ پر "5" کا ہندسہ لکھ کر بچوں سے انگلی پھیروائیں۔

بچوں کو ہندسہ "5" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی / play dough پر کروائیں۔

دی گئی تصویروں میں بچوں سے ان کی مرضی کے رنگ بھروائیں۔

# جانور کو اس کے بقیہ حصے سے ملائیں

















بچوں کو جانوروں سے متعلق کارٹون فلم یا ویڈیو دکھائیں یا چڑیا گھر کی سیر کو لے جائیں۔ بچوں سے کہیں تنقیدی غور وفکر کریں اور جانور کے سر کو دھڑ سے ملائیں۔

بچوں سے مختلف جانوروں کی آوازیں نکلوائیں۔

بچوں کی توجہ سوالات کے ذریعے جانوروں کی کھال پر بنے ہوئے ڈیزائن اور رنگوں کی جانب کروائیں۔

# ہندسوں کی دہرائی

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

بچوں سے کہیں دیئے ہوئے ہندسوں پر پنسل پھیریں اور لکھیں۔

بچوں سے مختلف اشیاء آئس کریم کی ڈنڈیاں، پنسلیں وغیرہ جمع کروا کر 1 سے 5 تک کے ہندسوں اور تعداد کی گنتی کروائیں۔

5 کا فلیش کارڈ میز پر رکھ کر بچے پانچ پنسل تراش گن کر اس کے سامنے رکھیں۔ بچوں کو ہندسے اور تعداد کا تعلق سمجھائیں۔

# 5 سے ا تک الٹی گنتی




بچوں سے بلند آواز میں 5 سے ا کی الٹی گنتی کروائیں۔ بچوں کو باری باری بلوا کر بورڈ پر الٹی گنتی لکھنے کی مشق کروائیں۔

بچوں کی رہنمائی کریں کہ دی گئی خالی جگہ پر 5 سے ا کی الٹی گنتی خود لکھیں۔

# گنتی کر کے تصویر کو ہندسے سے ملائیے

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور ناقابل فروخت ہے



1



2



4



5



3

بچوں کو ہندسے اور اس کی مطلوبہ تعداد کا تعلق کتاب میں دی گئی تصاویر سے کروائیں۔

بچوں کو چٹکیاں اور نمبر فلیش کارڈ دیں اور ان سے کہیں کہ نمبر پڑھ کر اتنی ہی چٹکیاں فلیش کارڈ کے گرد لگائیں یا ٹوکری کے کنارے پر لگائیں۔ (Pegging a basket)

# 6



چھ بچے اسکول آئے
ساتھ اپنے بستے لائے
کتابوں سے تھا ان کو پیار
پڑھتے تھے وہ بے شمار






- بچوں سے دی گئی تصویر کے متعلق بات چیت کریں اور سوالات پوچھیں۔
- ہندسہ "6" کا تعارف نظم کی مدد سے کروائیں۔
- بچوں سے ان کے بستے میں موجود کتابوں کی گنتی کروائیں۔ بچوں کو لائبریری کا دورہ کروائیں اور کتابوں سے کوئی کہانی سنائیں۔

?

- تصویر میں کتنی کتابیں ہیں؟
- کتابیں پڑھنے سے ہم کیا سیکھتے ہیں؟



CamScanner

# 6 ہندسوں کا کھیل

## پنسل پھیریں



## "6" پر دائرہ لگائیں

| | | |
|---|---|---|
| 2 | 3 | 0 |
| 5 | 2 | 6 |
| 4 | 6 | 3 |

## لکھائی کریں



ہندسہ "6" کی پہچان اور لکھائی کی مشق سلیٹ/تختی پر کروائیں۔

# 6

## لکھیں اور رنگ بھریں

6



چھ Six

چھ چیزوں کی تصویر بنائیں

## پنسل پھیریں

| | | |
|---|---|---|
| 6 | 6 | 6 |
| 6 | 6 | 6 |
| 6 | 6 | 6 |
| 6 | 6 | 6 |
| 6 | 6 | 6 |

بچوں کو ہندسہ "6" کی پہچان ریت کی ٹرے، ہوا میں لکھائی یا چکنی مٹی پر کروائیں۔
بچوں کو ہندسہ "6" کی پہچان بورڈ پر لکھ کر اور فلیش کارڈ کی مدد سے کروائیں۔
کتاب میں ہندسہ "6" پر انگلی پھیروائیں۔ بچوں کو پنسل پکڑنے کا درست طریقہ سکھائیں۔ اوران تصویروں میں اپنی مرضی کے رنگ بھریں۔

# Shape شکل

## oval بیضوی











- بچوں سے تصویر میں موجود بیضوی اشیاء کے نام پوچھیں اور روزمرہ زندگی سے بھی مثالیں دیں۔
- بچوں سے ابلا ہوا انڈا لنچ میں منگوائیں اور اس کا چھلکا اتروا کر بیضوی شکل کی پہچان کروائیں، بچوں کو انڈا کھانے کے فوائد بتائیں۔

# Shape شکل

پنسل پھیریں اور رنگ بھریں



بچوں سے کمرۂ جماعت میں غبارے پھلوائیں۔

بچوں سے سادہ کاغذ پر غبارہ بنوا کر مختلف اشیاء چسپاں کروا کے collage بنوائیں۔

# نرم اور سخت
# Soft and Hard





- مختلف اشیاء ٹیبل پر رکھ کر بچوں سے ان کی سطح پر ہاتھ پھیروائیں اور نرم اور سخت کا فرق بتائیں جیسے کہ بوری کا ٹکڑا سخت اور کھردرا ہوتا ہے اور کپڑا نرم، پتھر سخت ہوتا ہے اور روئی نرم۔
- ایک ڈبے میں کچھ نرم اور کچھ سخت اشیاء رکھیں مثلاً روئی، چھوٹے پتھر، گڑ کا ٹکڑا، پھول، فوم کے کچھ ٹکڑے وغیرہ اور بچوں سے کہیں کہ بغیر دیکھے نرم اور سخت چیزیں نکال کے بتائیں۔

# نرم اور سخت

